منصوبہ تحقیق:

مقالہ میں صوفی سرور صاحب ؒ کی کتاب الخیر الجاری فی شرح صحیح البخاری کا تحقیقی جائزہ لیا جائے گا جسکی تفصیلات درج ذیل ہیں۔

باب اول: اس باب میں صوفی سرور صاحب کے احوال و آثار کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس باب کو تین فصول میں تقسیم کیا گیا ہے جسکی تفصیل اسطرح ہے۔

فصل اول میں صوفی سرور صاحب کی حالات زندگی کا ذکر ہے۔ **فصل دوم** میں صوفی سرور صاحب کا علمی اور مقامی مرتبہ کا ذکر ہے۔ **فصل سوم** میں صوفی سرور صاحب کی تصنیفی خدمات کا ذکر ہے۔

باب دوم: اس باب میں الخیر الجاری میں صوفی سرور صاحب کے کلامی استدلال کا جائزہ لیا گیا ہے۔ اس باب کو تین فصول میں تقسیم کیا گیا ہے۔ جسکی تفصیل کچھ اسطرح ہے۔

فصل اول میں مباحث ایمان میں کمی زیادتی کا ذکر ہے۔ فصل دوم میں مباحث توحید ورسالت کا ذکر ہے۔ "فصل سوم میں مباحث آخرت کا ذکر ہے۔

باب سوم: اس باب میں صوفی سرور صاحبؒ کے فقہی استدلالات کا جائزہ لیا گیا ہے۔ جسکی تفصیل اسطرح ہے۔ فصل اول میں فقہ العبادات کا ذکر ہے۔"۔ فصل دوم میں فقہ المناکہات کا ذکر ہے۔ فصل سوم میں فقہ المعاملات کا ذکر ہے۔

الحمد اللہ اس کام کو میرے لیے سہل کرنے والی ذات اللہ تعالی کی ہے جو بلاشبہ تمام نقائص وعیوب سے پاک اور مبرا ذات ہے۔ پس اس مقالہ میں جتنی خوبیاں ہیں وہ اللہ تعالی کی وجہ سے اور جو نقائص وکمیاں ہیں وہ مجھ ناچیز کی کوتاہی ہے۔ اللہ تعالی سے دعا گو ہوں کہ میری اس ادنٰی سی کاوش کو اپنی جناب میں شرف قبولیت عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

ربنا تقبل منّا انك انت السميع العليم ۔ وتب علينا انك أنت التواب الرحيم۔ وصلى الله تعالى على خير خلقه محمد وعلى آله واصحابه اجمعين آمين برحمتك يا ارحم الراحمين.